© rasailojaraid.com



عتیق الرحمٰن، مولانا عبدالمعبود، پروفیسر مولانا اسلم نقشبندی، ڈپٹی کمشنر حاجی اشرف علی مروت، مولانا عبدالخالق ہزاروی اسلام آباد، پروفیسر قبلہ ایاز، مولانا مطلع الانوار فاضل دیوبند، مولانا امداد اللہ یوسفزئی جامعہ بنوریہ نیو ٹاؤن، عالمی تحفظ ختم نبوت کے امیر مولانا عبدالحفیظ مکی، اقراء روضۃ الاطفال کے نگران مفتی خالد محمود اور جامعہ بنوری ٹاؤن کراچی کے مدرس اور ماہنامہ بینات کے مدیر مولانا اعجاز مصطفیٰ، مولانا مفتی محمد جمیل شہید کے فرزند مولانا محمد سلمان، مولانا محمد مکی جبکہ شمالی اور جنوبی وزیرستان کے گرینڈ جرگہ کے ۴۰ ممبران تعزیت کیلئے تشریف لائے۔

## زیر تعمیر جامع مسجد کے حوالے سے مردان میں مشاورتی اجلاس

☆ ۲۶ ردسمبر کو دارالعلوم حقانیہ کی زیر تعمیر جامع مسجد مولانا عبدالحقؒ کے حوالے سے مردان میں فضلا و متعلقین دارالعلوم حقانیہ کا مشاورتی اجلاس مولانا محمد اکرام الحق حقانی کی جامع مسجد باغ میں منعقد ہوا، اجلاس میں ضلع مردان اور اس کے مضافات سے فضلاء نے شرکت کی، دارالعلوم حقانیہ کے شیوخ واساتذہ، حضرت مہتمم صاحب، مولانا انوار الحق، مولانا عبدالحلیم دیر بابا، مولانا مغفور اللہ بابا، مولانا سعید الرحمٰن، مولانا سید یوسف شاہ، مولانا عرفان الحق، مولانا سلمان الحق، مولانا اسرار مدنی، مولانا لقمان الحق صاحبان وغیرہ نے شرکت کی اجلاس سے پہلے مولانا اکرام الحق نے شیوخ حقانیہ کو ایک پرتکلف ظہرانہ دیا۔ جس میں مردان کے اہم علمی شخصیات مولانا سجاد الحجابی وغیرہ نے شرکت کی۔

**دعائے مغفرت کی اپیل :** ☆ میاں حضران باچا دارالعلوم حقانیہ کے قدیم ممبر ومعاون خصوصی اور جناب میاں فیصل صاحب کے برادر اصغر جاوید شاہ انتقال کر گئے، حضرت مہتمم صاحب نے نماز جنازہ پڑھا۔ والد گرامی اور حضرت مولانا انوار الحق سمیت دیگر اساتذہ نے تعزیت کی

☆ ۱۸ ردسمبر کو دارالعلوم حقانیہ کے اولین اور قدیم ترین فاضل مولانا قاضی فضل منان کی وفات پر چارسدہ عمرزئی تشریف لے گئے جنازہ پڑھانے سے قبل تعزیتی خطاب بھی فرمایا۔

☆ ۲۳ ردسمبر کو مولانا محمد طیب طاہری امیر اشاعت التوحید کے جواں سال اور اکلوتے فرزند اور میجر عامر کے بھتیجے محمد یمان ٹریفک حادثے میں شہید ہوئے۔ حضرت مولانا سمیع الحق تعزیت کیلئے پنج پیر تشریف لے گئے۔

☆ رفیق موتمر المصنفین مولانا فہد مردانی کے دادا اور قاری محمد یونس صاحب کے والد حاجی امیر نواب خان کی وفات پر مردان تشریف لے گئے اور جنازہ پڑھایا۔

☆ دارالعلوم کیساتھ یوم تاسیس سے وابستہ خاندان کے بزرگ حاجی نصر اللہ خان خٹک اور سٹیبلشمنٹ کے اہم وفاقی عہدوں پر فائز جناب حبیب اللہ خٹک جہانگیرہ کے والد انتقال فرما گئے، نماز جنازہ حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ نے پڑھایا، نائب مہتمم مولانا انوار الحق و دیگر اساتذہ اراکین نے شرکت کی۔

☆ اکوڑہ خٹک مصری بانڈہ کے سرکردہ شخصیت سابق صوبائی وزیر قومی اسمبلی کے رکن جناب ولی محمد خان صاحب انتقال فرما گئے نماز جنازہ مولانا انوار الحق نے پڑھایا بعد میں حضرت مہتمم صاحب نے انکے گھر جا کر تعزیت کی۔

© rasailojaraid.com